Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

پریس ریلیز

صدر زرعی ترقیاتی بینک شیخ امان اللہ نے نومنتخب امپلائز یونین (CBA) کے عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں۔

اسلام آباد 11 مارچ 2019

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کی آل پاکستان ZTBL ورکرز یونین (CBA) کے نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری کی تقریب ZTBL ہیڈ آفس اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اور نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی گئی۔تقریب کے مہمان خصوصی شیخ امان اللہ، قائم مقام صدر زرعی ترقیاتی بینک نے نومنتخب عہدیداران سے حلف لیا۔جن میں نواب ماچھی (چیئرمین)، حاجی محمد الیاس (سینئر وائس چیئرمین) ملک محمد ریاض (صدر)، ملک محمد اسمعیل (جنرل سیکریٹری)، ملک اعجاز اکبر (SVP)، چوہدری محمد صفدر (SVP)، ندیم حسین اختر (وائس پریذیڈنٹ) محمد صفدر اعوان (وائس پریذیڈنٹ)، محمد امجد (فنانس سیکریٹری) اور سید سبط حسن (جوائنٹ سیکریٹری) وغیرہ شامل ہیں۔

آل پاکستان ZTBL ورکرز یونین (CBA) کے جنرل سیکریٹری ملک محمد اسمعیل نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے یونین کی غیر جانبدارانہ پالیسی کے بارے میں آگاہ کیا اور شیخ امان اللہ قائم مقام صدر بینک کی سربراہی میں بینک کی دن رات ترقی کو سراہتے ہوئے بھرپور انداز میں تعریف کی اور بینک ملازمین کی طرف بینک انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

مہمان خصوصی شیخ امان اللہ قائم مقام صدر زرعی ترقیاتی بینک نے اپنے خطاب میں یونین کے نومنتخب عہدیداران کو بھاری اکثریت سے کامیاب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے ہر طرح سے تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے بینک کی کارکردگی کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بینک میں بلاسود اسلامک بینکنگ کا آغاز ہو چکا ہے اور ڈیجیٹلائزیشن کی طرف سفر جاری ہے۔بینک میں پندرہ سے زیادہ ATMs نے باقاعدہ کام شروع کر دیا ہے اور دوران سال 200 ATMs ملک بھر میں کام شروع کر دیں گی۔انہوں نے مزید بتاتے ہوئے کہا کہ State Bank of Pakistan نے Foreign Remittances کی بھی اجازت دے دی ہے اور زرعی بینک جلد ہی Foreign Currency Account بھی کھولنا شروع کر دے گا۔

انہوں نے ورکرز کو زیادہ محنت اور ایمانداری سے کام کرنے پر زور دیا تاکہ بینک زیادہ سے زیادہ ترقی کر سکے۔ بینک ملازمین کی محنت اور کاوش سے ہی آج بینک نے AAA/A-1+ ریٹنگ حاصل کی ہے اور امید ظاہر کی کہ ملازمین اسی طرح محنت اور لگن سے بینک کی ترقی کے لئے اپنے فرائض انجام دیتے رہیں گے۔اس موقع پر صدر بینک نے کلیریکل اور نان کلیریکل سٹاف کے لئے ایک ایک انکریمنٹ کا بھی اعلان کیا۔

تقریب کے اختتام پر صدر آل پاکستان ZTBL ورکرز یونین نے مہمان خصوصی، بینک کے سینئر ایگزیکٹوز، ایگزیکٹوز، افسران اور دیگر مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا۔

(سعد ضیاء)